قائداعظمؒ بڑے رہنما کو کہتے ہیں۔ پاکستان ہمارا پیارا وطن قائداعظمؒ کی کوششوں سے بنا۔ قائداعظمؒ نے پاکستان بنانے کے لیے دن رات محنت کی۔ اس لیے قوم انہیں قائداعظم کہتی ہے۔ قائداعظمؒ کا مطلب ہے سب سے بڑا رہنما۔

قائداعظمؒ کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔ آپؒ 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ آپؒ بچپن ہی سے بہت محنتی تھے۔ آپؒ ہمیشہ وقت پر سکول جاتے۔ آپؒ ہمیشہ صاف ستھرے رہتے تھے۔ جب تک سکول کا کام ختم نہیں ہو جاتا تھا، آپؒ آرام نہیں کرتے تھے۔ گھر والے جب آپؒ سے کہتے کہ رات کو دیر تک نہ جاگا کرو، بیمار ہو جاؤ گے تو آپؒ جواب دیتے ”اگر محنت نہیں کروں گا تو بڑا آدمی کیسے بنوں گا“۔

آپؒ بااصول اور باہمت انسان تھے آپؒ نے اپنی ہمت، محنت اور عقل مندی سے ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے الگ وطن پاکستان حاصل کیا۔ پاکستان بننے کے بعد آپؒ کی صحت اچھی نہ رہتی تھی۔ اس کے باوجود آخری دم تک آپؒ پاکستان کی خوش حالی کے لیے بہت زیادہ محنت سے کام کرتے رہے۔ آپؒ نے 11 ستمبر 1948ء کو کراچی میں وفات پائی۔

قائداعظمؒ کو پاکستان سے بڑی محبت تھی۔ ہمیں چاہیے کہ ہم قائداعظمؒ کی طرح محنت کریں اور دنیا میں پاکستان کا نام روشن کریں۔ قائداعظمؒ اصول کے پکے تھے۔ قائداعظمؒ وقت کی قدر کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی تمام زندگی اچھے اصولوں کے مطابق گزاری۔ آپؒ جس بات کا ارادہ کر لیتے، اس سے ذرا بھی پیچھے نہ ہٹتے۔ ہمیشہ سچ بولتے۔ لوگوں کو آپؒ کی سچائی پر یقین تھا۔ ایک دفعہ آپؒ ایک جگہ انگریزی میں تقریر کر رہے تھے اور ایک ان پڑھ آدمی بڑے غور سے آپؒ کی تقریر سن رہا تھا۔ کسی نے اس شخص سے پوچھا۔ کہ تم یہ تقریر کیوں سن رہے ہو تم تو انگریزی زبان جانتے ہی نہیں۔ اس شخص نے جواب دیا، میں ان پڑھ ہوں۔ انگریزی زبان نہیں جانتا لیکن یہ ضرور جانتا ہوں ہمارا رہنما جو کہہ رہا ہے سچ ہی کہہ رہا ہے۔

I ⇨

II ⇨

III ⇨

1. قائداعظمؒ کب پیدا ہوئے؟

- 25دسمبر 1876 ☐
- 25دسمبر 1877 ☐
- 25دسمبر 1875 ☐

2. قائداعظمؒ کا اصل نام کیا تھا؟

- امجد علی ☐
- لیاقت علی ☐
- محمد علی ☐

3. قائداعظمؒ کیسے رہنما تھے؟

- چھوٹے رہنما ☐
- بڑے رہنما ☐
- خوبصورت رہنما ☐

4. پاکستان کس کی کوششوں سے بنا؟

- ایوب خان کی ☐
- سکندر مرزا کی ☐
- قائداعظم محمد جناح کی ☐

5. قائداعظمؒ نے کب وفات پائی؟

- 6 ستمبر 1971ء ☐
- 11 ستمبر 1948ء ☐
- 11 اکتوبر 1948ء ☐

6 قائداعظم کا مطلب کیا ہے؟

A) سب سے بڑا رہنما B) سب سے درست انسان C) سب سے خوب صورت رہنما

7 پاکستان کس کی کوششوں سے بنا؟

A) قائداعظم کی کوششوں سے بنا B) ظفر علی خاں کی کوششوں سے بنا C) اقبال کی کوششوں سے بنا

8 قائداعظم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

A) ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ کراچی میں B) ۲۱ نومبر ۱۸۸۸ لاہور میں C) ۱۸ مارچ ۱۷۸۶ اسلام آباد میں

9 پاکستان بننے کے بعد قائداعظم کی صحت کیسی تھی؟

A) اچھی تھی B) اچھی نہیں تھی C) پریشان تھی

10 قائداعظم کب اور کہاں وفات پائی؟

A) ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ B) ۲۱ اگست ۱۹۸۱ C) ۲۲ ستمبر ۱۹۴۵